StudentBounty.com 2010

Roll No. ______ Answer Sheet No. ______

Sig. of Candidate: ______ Sig. of Invigilator: ______

# اُردو اختیاری - ایچ ایس ایس سی-I

REVISED SYLLABUS

حصہ اوّل (کل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) شمالی ہند میں اردو نثر نگاری کا با قاعدہ آغاز کس کے قیام سے ہوا؟

الف۔ انجمن حمایت اسلام ب۔ فورٹ ولیم کالج ج۔ اودھ پنچ د۔ انجمن ترقی اردو

(ii) اردو افسانے میں ترقی پسند رجحانات کی ابتداء کس افسانوی مجموعے سے ہوئی؟

الف۔ انگارے ب۔ شعلے ج۔ جزیرے د۔ راستے

(iii) ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ انگریزی ب۔ فرانسیسی ج۔ اطالوی د۔ ترکی

(iv) ''صحرانورد کے خطوط'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ منشی پریم چند ب۔ امتیاز علی تاج ج۔ میرزا ادیب د۔ غلام عباس

(v) فارسی داستان ''قصہ چہار درویش'' کا اردو ترجمہ کون سا ہے؟

الف۔ فسانۂ عجائب ب۔ فسانۂ آزاد ج۔ باغ و بہار د۔ آرائش محفل

(vi) میر امن کے اندازِ تحریر کی خاص خوبی کیا ہے؟

الف۔ پرتکلف تحریر ب۔ شاعرانہ نثر نگاری

ج۔ سادگی د۔ مشکل تراکیب کا کثرت سے استعمال

(vii) ''موازنۂ انیس و دبیر'' کس کی تنقیدی کتاب ہے؟

الف۔ مولانا شبلی نعمانی ب۔ مولانا حالی ج۔ سید سلمان ندوی د۔ مولانا محمد حسین آزاد

(viii) 'وحدتِ تاثر' کس صنفِ ادب کی بنیادی شرط ہے؟

الف۔ ناول ب۔ ڈراما ج۔ مختصر افسانہ د۔ داستان

(ix) ''اوپیرا'' سے کیا مراد ہے؟

الف۔ منظوم ڈراما ب۔ المیہ ڈراما ج۔ طربیہ ڈراما د۔ طویل ڈراما

(x) شریف حسین نے سنگ مرمر کا ٹکڑا کتنے میں خریدا؟

الف۔ ایک روپیہ ب۔ سوا روپیہ ج۔ ڈیڑھ روپیہ د۔ بارہ آنے

(xi) ولی دکنی کس سنہ میں دلی آئے؟

الف۔ 1749ء ب۔ 1700ء ج۔ 1720ء د۔ 1750ء

(xii) مثنوی ''سحرالبیان'' کے شاعر کون ہیں؟

الف۔ میر تقی میر ب۔ میر مہدی مجروح ج۔ میر ممنون د۔ میر حسن

(xiii) مرثیہ کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

الف۔ سات ب۔ آٹھ ج۔ نو د۔ دس

(xiv) ''شاعرِ شباب'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

الف۔ نظیر اکبرآبادی ب۔ حفیظ جالندھری ج۔ جوش ملیح آبادی د۔ احسان دانش

(xv) ''شاہنامۂ اسلام'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ فردوسی ب۔ حفیظ جالندھری ج۔ شبلی نعمانی د۔ الطاف حسین حالی

(xvi) اقبال نے اپنی شاعری کا آغاز کس صنف سے کیا؟

الف۔ نظم گوئی ب۔ غزل گوئی ج۔ مثنوی د۔ قصیدہ

(xvii) رباعی کے کس مصرعے کو حاصلِ رباعی سمجھا جاتا ہے؟

الف۔ پہلا ب۔ دوسرا ج۔ تیسرا د۔ چوتھا

(xviii) جس نظم کے ہر بند کے آخر میں ٹیپ کا مصرع یا شعر بار بار دہرایا جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

الف۔ ترکیب بند ب۔ ترجیع بند ج۔ قطعہ بند د۔ مسدس

(xix) کس شاعر نے ہر پرانے استاد سے فیض اٹھایا؟

الف۔ جرأت ب۔ مومن ج۔ داغ د۔ حسرت

(xx) زندگی کی ناہمواریوں کے ہمدردانہ شعور کا فنکارانہ اظہار ______ ہے۔

الف۔ طنز ب۔ مزاح ج۔ ظرافت د۔ پھبتی

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

1HA -1038



StudentBounty.com 2010

StudentBounty.com

# اُردو اختیاری ۔ ایچ ایس ایس سی-I

## REVISED SYLLABUS

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' 2-1 صفحات پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کل نمبر 50)

**سوال نمبر۲:** ''توبۃ النصوح'' میں ناول نگار کے اسلوب کا جائزہ لیں۔ (۱۴)

(یا)

ڈپٹی نذیر احمد کے منفی کردار مثبت کرداروں پر حاوی ہیں۔اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔

**سوال نمبر۳:** درج ذیل میں سے کوئی سے تین کے جوابات لکھیے۔ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو: (۱۵=۵×۳)

(i) امراؤ جان ادا کے بچپن کی یادوں کو اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

(ii) علامہ اقبالؒ کی نظم ''پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

(iii) سر سیّد احمد خاں کے نزدیک دوسری اقوام کی رسومات کی تقلید کا کون سا طریقہ مفید ہے؟

(iv) ڈراما ''انارکلی'' میں شہنشاہ اکبر کے کردار پر روشنی ڈالیے۔

**سوال نمبر۴:** سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (۷=۵+۱+۱)

الف۔ پرکاش کھانا کھا کر لیٹا تو اس کا ضمیر اسے ملامت کر رہا تھا۔دکھتے ہوئے پھوڑے میں کتنا مواد بھرا ہے، یہ اس وقت معلوم ہوتا ہے جب نشتر لگایا جاتا ہے۔ دل کی سیاہی اس وقت معلوم ہوتی ہے جب کوئی اسے ہمارے سامنے کھول کر رکھ دیتا ہے۔کوئی سوشل یا پولیٹیکل کارٹون دیکھ کر کیوں ہمارے دل پر چوٹ لگتی ہے۔اس لیے کہ وہ تصویر ہماری حیوانیت کو کھول کر ہمارے سامنے رکھ دیتی ہے۔وہ جو دل کے اتھاہ سمندر میں بکھرا ہوا پڑا تھا، اکٹھا ہو کر نکلنے والے کوڑے کی طرح اپنی جسامت سے ہمیں متوحش کر دیتا ہے۔تب ہمارے منہ سے نکل پڑتا ہے، افسوس! چمپا کے ان ملامت آمیز الفاظ نے پرکاش کی انسانیت کو بیدار کر دیا۔

ب۔ اعلیٰ تعلیم کے لیے دور دراز مسافتوں کا طے کرنا اور متعدد اہلِ کمال کی خدمت میں پہنچ کر فائدہ اٹھانا نہایت ضروری خیال کیا جاتا تھا۔مشہور اہلِ فن کی لائف چھان ڈالو۔اس زمانے میں ایک مشہور فاضل جو سفر کی زحمت اُٹھائے بغیر اپنے فن میں نامور ہو اس زمانے کے لوگ ہمیشہ اس کو حیرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔بغداد، نیشاپور، قرطبہ وغیرہ میں گوہرِ فن کے کامل شناسا موجود تھے مگر ان شہروں کے رہنے والے بھی مشرق مغرب کی خاک چھانے بغیر نہیں رہتے تھے۔علامہ مقری کی تاریخ کا ایک بڑا حصہ انہی علماء کے حالات میں ہے جو سپین سے مصر و شام و بغداد گئے یا ان مقامات سے چل کر سپین میں داخل ہوئے۔جس کثرت اور جوش و سرگرمی سے تعلیم کے لیے ہمیشہ مسلمان سفر کرتے رہے ہیں دنیا کی تاریخ میں اس کی نظیر موجود نہیں ہے۔

StudentBounty.com 2010

کسی ایک جزو کا بحوالہ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (۷=۵+۱+۱)

الف۔
لرزش وہ ستاروں کی وہ ذرّوں کا تبسم
چشموں کا وہ بہنا کہ فدا جن پہ ترنّم
گردوں پہ سپیدی و سیاہی کا تصادم
طوفان وہ جلووں کا وہ نغموں کا تلاطم
اڑتے ہوئے گیسو وہ نسیم سحری کے
شانوں پہ پریشان ہیں یا بال پری کے

ب۔
سنسان راہیں خلق سے آباد ہو گئیں
ویران مے کدوں کا نصیبہ سنور گیا
تھیں چند ہی نگاہیں جو اس تک پہنچ سکیں
پر اس کا گیت سب کے دلوں میں اتر گیا
اب دور جا چکا ہے وہ شاہ گدا نما
اور پھر سے اپنے دیس کی راہیں اداس ہیں

سوال نمبر ۶: ن۔م۔ راشد کی نمائندہ نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا فکری و فنی جائزہ لیجیے۔ (۹)

(یا)

نظیر اکبر آبادی کی نظم ''برسات کی بہاریں'' میں ان کی جزیات نگاری کا تذکرہ کیجیے۔

## حصہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر ۷: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (۱۰)

(الف) اقبال کا تصورِ عقل و عشق (ب) میرا پسندیدہ ناول نگار
(ج) ادب اور قومی تعمیر (د) غالب کی شاعرانہ عظمت

سوال نمبر ۸: درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (۱۰)

(i) ڈراما (ii) سوانح نگاری

سوال نمبر ۹: درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (۱۰)

(i) مرثیہ (ii) نظم

---1HA-1038---